22/06/2026

07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبروں کے بلیٹن کے ساتھ میں۔۔ شیخ یاسین

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*....... ملک میں پچھلے 12برسوں کے دوران آئی مثبت تبدیلیوں کی بدولت حکومت اور انتظامیہ پر عوام کا اعتماد ہوا مستحکم // وزیر اعظم نریندر مودی ۔

*....... وادی میں آج مذہبی جوش و خروش اور عقیدت و احترام کیساتھ منایاگیا ماتا کھیر بھوانی میلہ۔

*....... ایل جی منوج سنہا نے تولہ مولہ میں استھاپن پر دی حاضری // کہا انتظامیہ پنڈت برادری کے لوگوں کے مسائل حل کرنے کی وعدہ بند۔

اور

*....... خارجی امور سے متعلق پارلیمانی سٹینڈنگ کمیٹی کا چار روزہ دورہ جموں کشمیر ولداخ آج سے شروع۔

سال12

وزیرا عظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک میں پچھلے 12برسوں کے دوران آئی مثبت تبدیلیوں کی بدولت حکمرانی کے عمل اور انتظامیہ پر لوگوں کے اعتماد اور بھروسہ مضبوط ہوا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے ملک کے کروڑوں عوام کے معیار حیات میں بہتری لانے ، ان کی سلامتی کو یقینی بنانے اور زندگی کو آسان کرنے کیلئے کئی سکیمیں اور پروگرام شروع کئے ۔ وزیر اعظم نے ان باتونکا اظہار آج صنعت و حرفت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل کا ایک مضمون سوشل میڈیا پوسٹ پر شیئر کرتے ہوئے کیا ۔انہوں نے کہا کہ عوامی اعتماد اور بھروسہ بہتر حکمرانی کا خاصا ہے۔

پیوش گوئل نے پچھلے 12برسوں کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی کے زیر قیادت ملک کے ترقیاتی سفر کو اجا گر کیا تھا ۔

کھیر بھوانی

وادی میں آج ماتا کھیر بھوانی کا میلہ مذہبی جوش و خروش اور عقیدت و احترام کیساتھ منایاجا رہا ہے۔ اس سلسلے میں سب سے بڑی تقریب گاندربل ضلع کے تولہ مولہ علاقے میں ماتا کھیر بھوانی مندر میں ہو رہی ہے جہاں شردھالوؤں کی بڑی تعداد نے پوجا پاٹ میں شرکت کی ۔ جن

میں پنڈت برداری کے علاوہ ملک اور بیرون ملک سے آئے ہوئے شردھالوؤں کی ایک بڑی تعداد شامل ہے ۔

...........Pooja........

ماتا کھیر بھوانی میلے کے سلسلے میں ٹکر کپواڑہ ،دیوسر اور منزگام کولگام نیز لوگری پورہ عیشمقام میں بھی پوجا پاٹ کی خصوصی تقاریب منعقد ہوئیں جن میں کافی تعداد میں پنڈت برداری کے لوگوں نے شرکت کی اور عالم انسانیت کی بقاءاور جمونکشمیر میں مکمل امن و امان کیلئے دعا کی ۔

کئی شردھالوؤں نے ہمارے نمائندوں صابر ایوب، تصدق رشید، رفیق احمد اور خورشید پڑرو کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے تاثرا ت کا یوں اظہا رکیا۔

........Bytes........

میلے کے تعلق سے ان تمام مقامات پر آپسی روا داری اور مذہبی بھائی چارے کے مناظر دیکھنے کو مل رہے تھے ، اور مقامی مسلمان برادری نے میلے کے دوران پنڈت برداری کی لوگوں کیلئے مختلف سہولیات دستیاب رکھی تھیں۔

ایک رپورٹ کے ساتھ گاندربل سے ہمارے نمائندے ۔

...........Report...........

تولہ مولہLG

دریں اثنا لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی آج جیشٹھا اشٹمی کے موقعے پر تولہ مولہ گاندربل میں ماتا کھیر بھوانی مندر پر حاضری دی اور جموں کشمیر میں امن ، ترقی اور لوگوں کی فلاح و بہبود کیلئے دُعا کی ۔ انہوننے شردھالوؤں کیلئے نیک خواہشات کا اظہا رکیا۔ایل جی نے میلہ کھیر بھوانی کے تعلق سے کئے گئے انتظامات پر انتظامیہ اور دیگر ایجنسیوں کی تعریف کی۔ پنڈت برداری کے لوگوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ انتظامیہ اس طبقے کے لوگوں کے مسائل حل کرنے کی وعدہ بند ہے ۔ میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے ایل جی نے کہا ۔

...........LG...........

اس موقعے پر چیف سیکریٹری اٹل ڈلو، ڈائریکٹر جنرل آف پولیس نلین پربھات، ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ ، DCگاندربل جتن کشور اور انتظامیہ و پولیس کے دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

تولہ مولہBJP

جموں کشمیر کے کئی لیڈر وں نے بھی آج تولہ مولہ میں ماتا کھیر بھوانی استھاپن پر BJP دریں اثنا حاضری دی ۔ ان میں پارٹی کے صدر ست شرما، پارٹی کے جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اشوک کول ،جنرل سیکریٹری محمد انور خان اور کئی دیگر لیڈر شامل ہیں۔

سٹیٹ ایگزیکٹو ممبر محمد امین شاہ بھی اس وفد میں شامل تھے ۔ انہوننے پنڈت برداری کو BJP میلے کی مبارکباد دی ہے ۔

اشٹمی

آج ہی جیشٹھ اشٹمی کا تہوار بھی منایاجا رہا ہے ۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اس موقعے پر مبارکباد پیش کی ہے ۔ اپنے ایک پیغام میں انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ تہوار ہم سب کیلئے امن ، ترقی اور خوشحالی کی نوید لے کر آئے ۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی جیشٹھ اشٹمی کے موقعے پر پنڈت برداری کے لوگوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس طرح کے تہواروں سے امن ، اخوت اور آپسی روا داری کے رشتے مزید مستحکم ہوتے ہیں۔

سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے تعلیم کے شعبے میں مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی کے مثبت رول کو اجا گر کیا ہے ۔ آج SKICC سرینگر میں امر اُجالا گروپ کی طرف سے دسویں اور بارویں جماعت کے ذہین طلباءاور اساتذہ کی عزت افزائی کیلئے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہاکہ ہم اس وقت ایک ایسے دور میں رہ رہے ہیں جو تیزی سے تبدیل ہو رہا ہے اور یہ دور طلباءاور اساتذہ کو گہرائی سے سوچنے اور ابھر کر سامنے آکر بڑے فیصلے لینے کا موقع فراہم کرتا ہے ۔

انہوں نے کہا کہ ہمینچلینجز کو قبول کرکے اپنے مستقبل کو ایک نئی سمت دینی چاہیے۔

...........LG...........

سکینہ

صحت و طبی تعلیم کے وزیر سکینہ ایتو نے آج اننت ناگ میں ایک میٹنگ کے دوران آنے والی سالانہ شر ی امر ناتھ جی یاتر اکے سلسلے مینکی جا رہی تیاریونکا جائزہ لیا۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ یاترا کے دونوں روٹوں کے راستے شردھالوؤں کیلئے اعلیٰ معیار کی سہولیات دستیاب رکھیں۔ انہوں نے یاترا کے دوران ٹرانسپورٹ کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا ۔ انہوں نے کہا کہ یاتر اکے بعد صفائی ستھرائی کا کام بھی ہاتھ میں لیاجانا چاہئے تاکہ علاقے کے ماحولیاتی توازن پر کوئی بُرا اثر نہ پڑے ۔ اس موقعے پر ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز کشمیر نے یاترا کیلئے کئے گئے انتظامات کا خاکہ پیش کیا ۔ بعد میں سکینہ ایتو نے گورنمنٹ اسپتال پہلگام کا بھی دورہ کیا اور ا سکی کارگذاری کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

کمیٹی

خارجی امور سے متعلق پارلیمان سٹینڈنگ کمیٹی نے ممبر پارلیمنٹ ششی تھرور کی قیادت میں جموں کشمیر او ر لداخ کا چار روزہ سٹڈی دورہ شروع کیا ہے ۔اس دوران کمیٹی باڈر سکیورٹی اور فارن پالیسی جیسے معاملات کا جائزہ لے گی ۔

آکاشوانی کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ کمیٹی رواں مہینے کی 25تاریخ تک جموں ،سرینگر، کرگل اور لیہہ کا دورہ کرکے سرحدوں کی نظامت اور سرحدی علاقوں میں سلامتی صورتحال کا بر سر موقعہ جائزہ لیں گے۔

کمیٹی کے ارکان اگلے علاقوں مینسینئر سول اور فوج کے اعلیٰ حکام کے ساتھ ساتھ مقامی لوگوں کے ساتھ بھی بات چیت کریں گے ۔

راتھر

جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے آج دار العلوم پکھر پورہ کا دورہ کرکے وہاں حالیہ آ گ سے متاثرین کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ انہوننے وہاں طلباۂ، عملے اور مقامی لوگوں کے ساتھ ملاقات کی ۔اسپیکر موصوف نے ضلع انتظامیہ کو ہدایت دی وہ ترجیحی بنیادوں پر آگ سے ہوئے نقصانات کا تخمینہ لگائیں۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

برکس

نئی دلی میں آج برکس کے قومی سلامتی مشیروں کی دو روزہ میٹنگ شروع ہوئی ۔ قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوال کی صدارت میں منعقدہ ہو رہی اس میٹنگ میں بلاک کے11ممبر ممالک کے سکیورٹی سربراہ شرکت کر رہے ہیں ، ان میں بھارت ،برازیل، چین ،مصر ، اتھوپیا ، انڈونیشا ، ایران ، روس، سعودی عرب، جنوبی افریقہ اور متحدہ عرب امارات شامل ہیں۔

میٹنگ کے دوران قومی سلامتی کیلئے ابھرتے ہوئے چلینجوں کا مقابلہ کرنے اور نئی ٹیکنالوجی کو بروئے کار لانے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا جا رہا ہے ۔ بھارت چوتھی مرتبہ برکس کی صدارت کر رہا ہے ۔اس سے پہلے بھارت نے 2012،2016اور2021 میں اس کی صدارت کی تھی۔

نشہ مکت

جمونو کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کےلئے100دنوں پر مشتمل نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جا ری ہیں۔ منشیات کے خلاف ایل جی کا پیغام۔

------LG------

اس بدعت پر قابو پانے کےلئے درکار اقدامات اور لوگوں کی ذمہ داریوں کے تعلق سے ایک اُستاد شبیر حسین راتھر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

-----Shabir------

BJP

کی صدارت میں سکھ طبقے کا ایک وفد Soodan رفیوجی سیل کے کنونیر ایس بلویندر سنگھBJP جمونکشمیر کے صدر ست شرما سے ملاقی ہوا اور انہیں ہماچل BJP جمونمیں ممبر پارلیمنٹ اور پردیش ، اُترا کھنڈ اور اتر پردیش میں سکھ طبقے کے لوگوں کے مسائل پر مبنی میمورنڈم پیش کیا ۔

ست شرما نے وزیر داخلہ امت شاہ کے نام لکھا گیا یہ میمورنڈم وصول کیا اور وفد کو یقین دلایا کہ اسے متعلقہ حکام تک پہنچایا جائے گا ۔

جموں کشمیر کے میڈیا انچارج ڈاکٹر پردیپ مہوترا BJP نے ایک بیان میں کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت والی حکومت نے پچھلے 12برسوں کے دوران ملک کے کسانوں کی زندگی میں مثبت بدلاؤ لایا ۔ انہوننے کہاکہ گزشتہ روز PM کسان کی 23ویں قسط کے تحت9کروڑ44لاکھ کسانوں میں 18ہزار880کروڑ روپے تقسیم کئے گئے۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے آج غوثیہ اسپتال خانیار میں ایک کروڑ25لاکھ روپے مالیت کے جدید آلات اور مشینری کاافتتاح کیا ۔اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت لوگوں کو طبی نگہداشت میں معیاری سہولیات دستیاب کرانے کی وعدہ بند ہے ۔

نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق نے آج علمگری بازار میں ایک منفرد اور تاریخی اسلامی خطاتی پر مبنی یاد گار منصوبہ عوام کے نام وقف کیا ۔

پارٹی کے نائب صدر صوبہ کشمیر احسان پردیسی کی صدارت میں آج سرینگر مینپارٹی کارکنوں کا ایک اجلاس منعقد ہوا ۔

محرم

آج مقدس ماہ محرم الحرام کی چھٹی تاریخ ہے ۔ وادی بھر میں حسینی مجالس اور عزاداری جلوسونکاسلسلہ جاری ہے ، جن میں کربلا کے شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا جا رہا ہے۔

یوم حسینؓ کے سلسلے میں آج تاریخی خانقاہ معلی میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس دوران نماز ظہر سے قبل جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولانا ریاض احمد ہمدانی نے حضرت امام عالی مقامؓ ، نواسہ رسول ﷺ کی شہادت کے مختلف گوشے بیان کئے ۔

ورکشاپ

پنچایتی راج کی مرکزی وزارت کی طرف سے کل سرینگر میں سیوا سے سمردھی موضوع کے تحت ایک علاقائی ورکشاپ کا انعقاد کیاجا رہا ہے۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اس ورکشاپ کا افتتاح کریں گے، جبکہ تقریب پر دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈار کے علاوہ کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی اس میں شر کت کریں گے۔

شاہین

ادھر جنتا دل یونائیٹیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے آج نئی دلی میں پنچایتی راج کے مرکزی وزیرکے ساتھ ملاقات کی اور جموں کشمیر میں نچلی سطح پر حکمرانی اور دیہی ترقی کے عمل کو مستحکم کرنے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا ۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پرہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت26 اعشاریہ6ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت15اعشاریہ4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35 اعشاریہ8ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 اعشاریہ3 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 20 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر46منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کایہ بلٹین ختم ہوا۔